BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن، بلیک ہسٹری منتھ کی بھرپور طور پر خوشیاں منا رہا ہے

برامپٹن، آن (28 جنوری 2022) – فروری کے مہینے کے دوران، سٹی آف برامپٹن بلیک ہسٹری منتھ کی خوشیاں مناتا ہے اور برامپٹن میں رہائش پذیر سیاہ فام کمیونٹی کی جانب سے برامپٹن کی ترقی میں شاندار تعاون اور کامیابیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اس مہینے کے دوران برامپٹن کو ایک رہنے کے قابل شہر بنانے اور اس کی خوشحالی میں ان کے ادا کیے جانے والے کردار کو سراہا جاتا ہے۔ فروری کا مہینہ بالمشافہ اور آن لائن تقریبات سے بھر دیا جائے گا۔

**بلیک ہسٹری منتھ کی پرچم کشائی**
کین وہلینز اسکوائر
1 فروری، دن 12 بجے

پین-افریقن پرچم کو اس مہینے کی اہمیت کے آغاز کی علامت کے طور پر بلند کیا جائے گا اور یہ فروری کے پورے مہینے کے دوران بلند رہے گا۔

**بلیک بزنس آرٹیزن مارکیٹ – ریویلر افرِق**
برامیلیہ سٹی سنٹر
8 اور 9 فروری، صبح 10 - شام 8 بجے تک

برامیلیہ سٹی سنٹر کے ساتھ شراکت داری میں منعقد کی جانے والی اس دو روزہ بالمشافہ مارکیٹ میں مقامی سیاہ فام ملکیتی کاروباروں، تخلیق کاروں اور کاریگروں کی اعانت کریں۔ بیسٹ بائے (Best Buy) کی دوسری منزل کے داخلی راستے پر ان کاریگروں کی غیر متوقع آمد کے منتظر رہیں۔

**ہفتہ وار کارکردگی کے مظاہروں کا سلسلہ**
ہر منگل کی رات، 8 - 10 بجے تک
rosetheatre.ca

پورے مہینے کے دوران ہر منگل کی رات کو سیاہ فام کمیونٹی کی تاریخ کی خوشیاں منانے کے لیے ایک دلکش آن لائن پرفارمنس سیریز سے لطف اندوز ہوں۔ روز تھیٹر کے اسٹیج سے ہر پرفارمنس کو لائیو اسٹریم کیا جائے گا۔

- 1 فروری: DJ بمقابلہ بیٹل، جس میں خصوصی طور پر DJ ایلن اور DJWHATSNEXT شامل ہیں۔
- 8 فروری: شید وحید کے ساتھ آف دی ریکارڈ کے ذریعے لائیو پرفارمنس کا شاندار منتخب شدہ ماہرانہ مظاہرہ
- 15 فروری: ACCIDA کے ساتھ شراکت داری میں ڈیس میک کنزی (Des McKenzie) کی جانب سے کارکردگی کا ایک شاندار مظاہرہ
- 22 فروری: ACCIDA کے ساتھ شراکت داری میں ٹریوس نائٹ (Travis Knights) کی جانب سے کارکردگی کا ایک شاندار مظاہرہ

**ہفتہ وار لنچ اینڈ لرنز**
ہر بدھ کو، دن 12 - 1 بجے تک

ہفتہ وار آگاہی نشست کے لیے MOYO ہیلتھ اینڈ کمیونٹی سروسز کے ساتھ شامل ہو جائیں۔ عنوانات میں شامل ہیں:

- 2 فروری: ABR کا تعارف، مقطیعت، طاقت اور استحقاق،
- 9 فروری: سیاہ فام خواتین کی اعانت کرنا
- 16 فروری: سیاہ فام 2SLGBTQ+ افراد کی اعانت کرنا
- 23 فروری: سیاہ فام کمیونٹی کی فوقیت کی اعانت کرنا

**بلیک ہسٹری منتھ ایکسپیرینس باکس**
اس سال ہر دلعزیز ایکسپیرئنس باکس واپس آ رہا ہے۔ محدود ایڈیشن کے ساتھ ان خصوصی گفٹ باکسز میں مقامی سیاہ فام آبادی کے ملکیتی کاروباروں کی مصنوعات اور خدمات شامل ہیں۔ تمام باکسز میں درج ذیل چیزیں شامل ہوں گی:

- AuxGod میوزک بیٹل کارڈ گیم
- لیویندولا اور ٹی ٹری آئل باڈی سکرب، منجانب شوگر یام سکریز
- آرٹس واک آف فیم کے نامز شدہ آئن ولیمز کی تحریر کردہ *ڈِس اوریئنٹیشن*
- اور مزید بہت کچھ!

یہ باکسز ایسے پہلے 50 لوگوں کو دیے جائیں گے جو ریسٹوریشن اینڈ ایمپاورمنٹ آف سوشل ٹرانزیشن یا (R.E.S.T)، سیاہ فام آبادی کو با اختیار بنانے کے لیے ایک تنظیم، کو کم از کم 20$ کا عطیہ دیتے ہیں۔

**تندرستی کی سرگرمیاں**
برامپٹن کے مقامی اور مشہور یوگا انسٹرکٹر میتھیو بوناس کے ساتھ ہفتہ وار تندرستی کی سرگرمیوں بشمول جوڑوں کی فٹنس اور یوگا کی سرگرمیوں میں شامل ہوں۔ ہر ہفتے نئی کلاسیں دستیاب ہوں گی۔

**بلیک آرٹسٹس لِو ہیئر ڈیجیٹل ایگزیبیشن**
گارڈن اسکوائر
پیشکش ACCIDA

آرٹس، کلچر اینڈ کریئٹیو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی (ACCIDA) کی جانب سے *بلیک آرٹسٹس لائیو ہیئر* پیش کیا جا رہا ہے، جس میں گارڈن اسکوائر میں 24' LED اسکرین پر PIXEL ڈیجیٹل اسکرین ایگزیبیشن شامل ہو گی اور اس میں فروری سے مئی 2022 تک آٹھ مقامی فنکاروں، تخلیق کاروں اور چھوٹے گروپس کے کام کو پیش کیا جائے گا۔

ہم تقریب کے اسپانسرز الگوما یونیورسٹی، برامپٹن ریئل اسٹیٹ بورڈ اور سن لائف کے فراخدلانہ تعاون کے لیے ان کے شکر گزار ہیں۔

بلیک ہسٹری منتھ کے حوالے سے مزید مزید معلومات کے لیے brampton.ca/bhm2022 ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"برامپٹن میں سیاہ فام کمیونٹی کے ممبران کے اہم کاموں، ہنر اور کردار کی اہمیت کو تسلیم کرنے اور ان کا احترام کرنے کے لیے بلیک ہسٹری منتھ کی خوشیاں منانے میں ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں۔ برامپٹن کا ثقافتی تنوع ہی اس شہر کو خاص بناتا ہے اور یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی تاریخ اور کمیونٹی کی اہمیت کو تسلیم کریں تاکہ ہم ایک شہر کے طور پر ترقی اور پھلنے پھولنے کے عمل کو جاری رکھ سکیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن میں سیاہ فام کمیونٹی ہمارے شہر کے تنوع کی خوبصورتی اور مقامی شناخت کا ایک اہم حصہ ہے۔ میں ہر ایک کو اس عظیم شہر میں موجود سیاہ فام ثقافت کے بارے میں مزید جاننے اور بلیک ہسٹری منتھ کو منانے میں اپنے ساتھ شامل ہونے کی ترغیب دیتا ہوں۔ اپنے آپ کو آگاہ رکھنے اور ایک کمیونٹی کے طور پر مربوط ہونے سے ہی ہم اپنے شہر کو مستقبل میں مزید مضبوط بنانے کے لیے ترتیب دے سکتے ہیں۔"

- *چارمین ولیمز، سٹی کونسلر، وارڈز 7 اور 8، سٹی آف برامپٹن*

"بلیک ہسٹری منتھ برامپٹن میں سیاہ فام کمیونٹی کے ہمارے متحرک شہر اور معاشی منظر نامے میں نمایاں کردار کی سالانہ بنیادوں پر ایک یاد دہانی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ سٹی آف برامپٹن سیاہ فام کمیونٹی کی دیرینہ حمایت کی اہمیت کو تسلیم کرنے کے لیے ان کی

کامیابیوں کی خوشیاں منانے میں کردار ادا کر رہا ہے۔ کچھ سیکھنے، باہم مربوط ہونے اور جشن منانے کے لیے پورے مہینے کے دوران ہمارے ساتھ شامل رہیں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن مختلف کمیونٹیز پر مشتمل واقعی ایک ایسا حسین گلدستہ ہے جس کی ثقافت، اختراع، تنوع اور ہنر ایک عالمی گاؤں کی شاندار مثال ہے جو ایک دوسرے کی انفرادیت اور کردار کی صحیح معنوں میں قدر کرتے ہیں۔ نوجوان نسلوں کو آگاہ رکھنے کے لیے بلیک ہسٹری منتھ کو منانا بہت اہم ہے کیونکہ یہ کئی دہائیوں کے دوران سیاہ فام کمیونٹی کی جانب سے کینیڈا کے لیے شاندار خدمات کے بارے میں آگاہی فراہم کرتا ہے۔"

- مشال بائرنے، منیجر ایکوئیٹی آفس

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca